## THE WEST BENGAL COUNCIL OF RABINDRA OPEN SCHOOLING

### UCHCHA MADHYAMIK PARIKSHA, 2024

**Urdu**

**(New Syllabus)**

**Time : 3 Hours 15 Minutes** **Full Marks : 80**

(First 15 Minutes for reading the question paper)

### (General Instructions for the Examinees)

Candidates should write their Name, Roll No. and Registration No. in their respective answer scripts.

First 15 Minutes are allotted for reading the question paper.

Answers should be in brief and to the point.

Write correct question no. against each answer.

Special credit will be given for answers which are brief and to the point.

Marks will be deducted for spelling mistakes, untidiness and bad handwriting.

In the right side the marks of questions are given.

# (Multiple Choice Questions)

1 - درج ذیل سوالوں سے ہر ایک کے درست جواب پر ( ✓ ) کی نشاندہی کیجئے۔ 1×21=21

(i) ''تمہیں کیا کام، تم خوشی مناؤ لیکن قیامت میں کیا جواب دو گے؟

درج بالا جملہ کس نے ادا کئے؟

(الف) سوداگر بچہ (ب) سگ پرست

(ج) سگ پرست کا غلام (د) سگ پرست کا بھائی

(ii) مولانا آزاد کا رسالہ ''الہلال'' کس شہر سے شائع ہوتا تھا؟

(الف) کلکتہ (ب) دلی

(ج) لکھنؤ (د) بمبئی

(iii) ''جھینگر کا جنازہ'' کس کی تخلیق ہے؟

(الف) میر امن (ب) خواجہ حسن نظامی

(ج) رشید احمد صدیقی (د) مولانا آزاد

(iv) درج ذیل سے کون سی کتاب رشید احمد صدیقی کی ہے؟

(الف) عودِ ہندی (ب) غبارِ خاطر

(ج) روپ (د) گنج ہائے گرانمایاں

(v) آپ کے نصاب میں شامل مرزا غالبؔ کا خط کس کے نام لکھا گیا؟

(الف) میر مہدی مجروح (ب) فرحت اللہ بیگ

(ج) مولانا حالیؔ (د) سرسید

(vi) میر تقی میرؔ کی پیدائش کس شہر میں ہوئی؟

(الف) دلّی (ب) لکھنؤ

(ج) اکبرآباد (د) الہٰ آباد

(vii) مرزا غالبؔ کے والد کا نام ــــــــــ تھا۔

(الف) مرزا رسواؔ (ب) مرزا سوداؔ

(ج) مرزا قلی (د) عبداللہ بیگ

(viii) غالب ثانی کے لقب سے کون مشہور ہیں؟

(الف) علامہ اقبالؔ (ب) مرزا سوداؔ

(ج) وحشت کلکتویؔ (د) جمیل صدیقی

(ix) حسرت موہانیؔ کو لکھنؤ کے .......... قبرستان میں دفن کیا گیا؟

(الف) سولہ آنا (ب) فرنگی محل

(ج) چراغ دلی (د) چہار باغ

(x) ''مہر نے نور کا زیور تجھے پہنایا ہے''—اس مصرعہ میں متکلم کون ہے؟

(الف) انسان (ب) فرشتہ

(ج) شاہین (د) قدرت

(xi) اکبرالہٰ آبادی کی شاعری کا موضوع کیا ہے؟

(الف) حب الوطنی (ب) عشق

(ج) فلسفہ (د) طنز وظرافت

(xii) رگھوپت سہائے اردو شاعری میں کس نام سے مشہور ہوئے؟

(الف) چکبستؔ (ب) پریم چند

(ج) فراقؔ گورکھپوری (د) حسرت موہانیؔ

(xiii) شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ کس صنفِ سخن کی وجہ سے مشہور ہوئے؟

(الف) غزل (ب) قصیدہ

(ج) مثنوی (د) مرثیہ

(xiv) آپ کے نصاب میں شامل ڈرامہ کا عنوان کیا ہے؟

(الف) رستم وسہراب (ب) شطرنج کی بازی

(ج) انارکلی (د) امراؤ جان

(xv) ''جنگ کا میدان، شاعروں کی بزم خیال، منطقیوں کی مجلس، فلسفہ کا مدرسہ نہیں ہے۔'' اس جملے کا متکلم کون ہے؟

(الف) گردآفرید (ب) ہومان

(ج) سہراب (د) بہرام

(xvi) فورٹ ولیم کالج کہاں قائم کیا گیا؟

(الف) دلی (ب) کلکتہ

(ج) علی گڑھ (د) رام پور

(xvii) باغ و بہار کس اردو کتاب کا ترجمہ ہے؟

(الف) گلزارِ نسیم (ب) گلشن ہند

(ج) بہار ہند (د) نوطرز مرصّع

(xviii) درج ذیل سے کون شاعر ترقی پسندی سے منسلک نہیں تھا؟

(الف) علامہ اقبالؔ (ب) ساحر لدھیانویؔ

(ج) سردار جعفریؔ (د) مجروحؔ سلطان پوری

(xix) پرویز شاہدیؔ کا اصل نام .................................. تھا۔

(الف) سید رضا علی (ب) سید نور محمد

(ج) سید اکرام حسین (د) سید ابوالفضل

(xx) ''موسیٰ کلیم اللہ''— ان الفاظ میں کون سا اسم معرفہ ہے؟

(الف) خطاب　(ب) تخلص

(ج) لقب　(د) کنیت

(xxi) ''میرے پاس چند کتابیں ہیں'' اس جملہ میں کون سی صفت ہے؟

(الف) صفت نسبتی　(ب) صفتِ عددی

(ج) صفتِ مقداری　(د) صفتِ ذاتی

**2.** درج ذیل سوالات میں سے کسی چودہ (۱۴) سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔　1×14=14

Short answer type questions

(i) ''کیوں اپنے باپ کا ورثہ بانت چوٹ نہیں لیتے''۔ اس جملے کا متکلم کون ہے؟

(ii) ''کل دو پہر کو اس طرف سے گذر رہا تھا کہ یکا یک اس شاخ بریدہ سے میرا پاؤں ٹکرا گیا'' درج بالا جملے کا تعلق کس صنفِ ادب سے ہے؟

(iii) مضمون ''گلاب تمہارا کیکر ہمارا'' کس کا ہے؟

(iv) رشید احمد صدیقی کی پیدائش کس تاریخ کو ہوئی؟

(v) ''آفریں صد آفریں اردو عبارت لکھنے کا اچھا ڈھنگ پیدا کیا ہے۔''— یہ جملہ کس کا ہے؟

(vi) میر تقی میرؔ کے کسی ایک ہم عصر شاعر کا نام لکھئے۔

(vii) شعر مکمل کیجئے۔ دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز——— ........................................

(viii) حسرت موہانیؔ کا اصل نام کیا تھا؟

(ix) ''نور سے دور ہوں ظلمت میں گرفتار ہوں میں''

درج بالا مصرعہ کس نظم کا ہے؟

(x) نظم ''کمان'' میں کمان کس کو کہا گیا ہے؟

(xi) شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ کس مغل بادشاہ کے استاد تھے؟

(xii) ڈرامہ خوبصورت بلا کس کی تخلیق ہے؟

(xiii) ''دنیا کے حربوں میں سب سے زیادہ خطرناک حربہ عورت کا حسن ہے''

درج بالا جملہ کس سبق سے ماخوذ ہے؟

(xiv) ''مجھے پاگل بنا کر اپنے قتل کا انتقام لینا چاہتا ہے۔''

اس جملے کا متکلم کون ہے؟

(xv) تذکرہ گلشنِ ہند کس کی تصنیف ہے؟

(xvi) نہال چند لاہوری کی پیدائش کہاں ہوئی ؟

(xvii) ترقی پسند تحریکِ ہند کی بنیاد کس سال میں پڑی تھی؟

(xviii) نئی دنیا کو سلام کس کی تخلیق ہے؟

(xix) بنگال کے کسی ایک ترقی پسند شاعر کا نام لکھیے۔

(xx) راجندر سنگھ بیدی کے افسانوں کا مرکزی کردار کون ہے؟

3. درج ذیل سے کسی دوسوالوں کے جوابات کم ازکم ایک سوالفاظ میں لکھئے۔ 5×2=10

Subjective / Descriptive type questions

(i) فورٹ ولیم کالج کی تعمیر کا مقصد لکھئے اوراس سے اردوکو کیا فائدے ہوئے لکھئے۔

(ii) مولانا آزاد کی نثر نگاری پر نوٹ لکھئے۔

(iii) خواجہ حسن نظامی کی انشاء پردازی پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(iv) رشید احمد صدیقی کی حالاتِ زندگی لکھئے۔

(v) مرزا غالبؔ کا خط جو آپ کے نصاب میں شامل ہے اس کا مرکزی خیال پیش کیجئے۔

4. درج ذیل سے کسی دوسوالوں کے جوابات کم ازکم ایک سوالفاظ میں لکھئے۔ 5×2=10

(i) میر تقی میرؔ کی شاعری کا تنقیدی جائزہ پیش کیجئے۔

(ii) مرزا غالبؔ کی شاعرانہ خصوصیات تحریر کیجئے۔

(iii) سید رضا علی وحشتؔ کی حالاتِ زندگی لکھئے۔

(iv) مولانا حسرت موہانیؔ کی غزل گوئی کی خصوصیات پیش کیجئے۔

(v) علامہ اقبال کی زندگی کا حال تحریر کیجئے۔

(vi) ذیل کی رباعی کی تشریح کیجئے۔

کہتی ہیں یہی تیری نگاہیں اے دوست — نکلیں نئی زندگی کی راہیں اے دوست
کیوں حسن ومحبت سے نہ اُونچے اُٹھ کر — دونوں ایک دوسرے کو چاہیں اے دوست

(vii) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔

(الف) منہ تکا ہی کرے ہے جس تس کا — حیرتی ہے یہ آئینہ کس کا
(ب) دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز — پھر ترا وقتِ سفر یاد آیا

**5.** درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب کم از کم ایک سو الفاظ میں لکھئے۔ 5×1=5

(i) آغا حشر کاشمیری کی ڈرامہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(ii) ہومان یا سہراب کے کردار پر نوٹ لکھئے۔

**6.** درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب کم سے کم ایک سو الفاظ میں لکھئے۔ 5×1=5

(i) ترقی پسند تحریک کی بنیاد کی وجوہات اور مقاصد لکھئے۔

(ii) میر شیر علی افسوس کے متعلق اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

**7.** درج ذیل سوالوں سے کسی دو سوالوں کے جوابات ہدایات کے مطابق لکھئے۔ 5×2=10

(i) درج ذیل عنوانات سے کسی ایک پر مضمون لکھئے۔

(الف) موبائل فون کے فوائد و نقصانات

(ب) بے روزگاری

(ii) درج ذیل سے کسی دو کی تعریف مع مثال کیجئے۔

عرف، اسم مصدر، مخاطب، فعل لازم

(iii) ذیل کے خاکے کی مدد سے کہانی اور اس کا عنوان لکھئے۔

جاڑے کی شام.......... سنسان ریلوے اسٹیشن................. ایک پڑھا لکھا جوان................... ٹرین سے اترا

........... قلی کو آواز دی....................... کوئی نہ سامنے آیا............ تھوڑی دیر بعد.............. ایک آدمی آیا

....................... اس کا سوٹ کیس گھر پہنچا دیا............... پیسہ لینے سے انکار.......... وہ قلی ودیا ساگر..............

نوجوان شرمندہ ہوا.................۔

**8.** درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب لکھئے۔(ہر جواب کم از کم سو الفاظ پر مشتمل ہو) 5×1=5

(i) سلیس اردو میں ترجمہ کیجئے:

A man is recognised by his character . The foundation of character is laid by self control. He who rules his own sprit, is stronger than a man who is strong physically. This stronger man is he who is self disciplined and self controlled. Who controls his thoughts. Speaches and activites thus becomes a man character.

(ii) اپنے دوست کے پاس ایک خط لکھ کر اپنے مستقبل کے بارے میں جانکاری دیجئے:

(iii) ناول نگاری کے فن اور اس کے اجزاءِ ترکیبی کو تفصیل سے لکھئے۔